بنگلور میں کئی جگہ آئی ٹی چھاپے، یڈیورپا کا پی اے بھی نشانہ

محکمہ آبی وسائل، بڑی آبپاشی کے کنٹراکٹروں، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹ کے مکانات اور دفاتر سے کثیر تعداد میں دستاویزات ضبط

7 اکتوبر کو راجاجی نگر بنگلور میں آئی ٹی افسران سابق وزیراعلیٰ یڈیورپا کے پی اے امیش کے مکان پر چھاپے مارنے کے وقت مکان کے باہر میڈیا کے نمائندے انتظار کرتے ہوئے.....(تصویر: کے پی این)

بنگلور: (ایس این پی) سیلکان وادی بنگلور میں علی الصباح آمدنی ٹیکس کے افسران نے صنعت کاروں کو بڑا دھچکہ دیا ہے۔ شہر کے 50 سے زائد جگہ، 300 سے زائد افسران نے چھاپے مارکر تلاشی کارروائی کی ہے، صنعت کاروں کی کمپنیوں، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹ کے دفاتر اور مکانات پر چھاپے مارکر جائزہ لیا گیا ہے، بنگلور اور گوا زون کے اہلکاروں نے ان چھاپوں میں حصہ لیا ہے۔ آئی ٹی افسران پوری تیاری کے ساتھ آئے تھے، انہوں نے 120 انوا کاریں بک کی تھیں۔ ان چھاپوں کی اہم بات یہ ہے کہ سابق وزیراعلیٰ یڈیورپا کے پرسنل اسسٹنٹ (پی اے) کے مکان اور دیگر جگہ پر بھی چھاپے مارے گئے۔ چھاپوں کے وقت شہر میں یڈیورپا نہیں تھے، وہ کسی پروگرام کے لئے شیموگہ گئے ہوئے ہیں۔ یڈیورپا کے پی اے امیش نے ناگ سندرا میٹرو کے قریبی علاقے میں ایک بڑا مکان تعمیر کیا تھا، جس کا نام دھاوالی گری رکھا تھا، کیونکہ یڈیورپا کے گھر کا نام بھی دھاوالی گری ہے۔ شہر کے رمش کورس میں یڈیورپا کی سرکاری رہائش گاہ کاویری میں آج یڈیورپا کے فرزند راگھویندرا ہی تھے۔ بتایا جاتا ہے کہ امیش نے راگھویندرا کے ساتھ رہ کر یڈیورپا کے پی اے کی ذمہ داریاں نبھائی تھی۔ یہ شخص بی ایم ٹی سی کنڈکٹر ہے۔ ڈیپوٹیشن پر یہ یڈیورپا کا پی اے بنا تھا، جبکہ ازیں بی جے پی لیڈر آنیکونڈ کا پی اے تھا۔ جب بی وائی راگھویندرا شیموگہ ضلع ہنگاری پور کے رکن اسمبلی بنے تو وہ ان کا پی اے بن گیا، بعدازاں یڈیورپا حکومت آنے پر وزیراعلیٰ کا پی اے بنا۔ بتایا جاتا ہے کہ سابق وزیراعلیٰ بی ایس یڈیورپا کے قریبی لوگوں میں شامل کنٹراکٹروں کے گھروں اور دفاتر میں بھی چھاپے مارے گئے، جن میں 30 سے زائد کنٹراکٹر شامل ہیں۔ جالا ہلی میں لکشمی کانت، ودیارنیاپورہ میں اموول ریذیڈینسی، بینگلور نگر سمیت دیگر جگہ بھی چھاپے مارے گئے۔ یڈیورپا کی حکومت میں امیش کے خلاف بدعنوانی کے الزامات سامنے آئے تھے اور کہا گیا تھا کہ ان نے 100 کروڑ سے زائد مالیات کی جائیدادیں اور اثاثہ جات بنائے ہیں۔ بینگلورنگر میں این آر رائل اپارٹمنٹ اور دفتر پر آئی ٹی افسران نے چھاپے مارکر تلاشی کارروائی کی ہے، جہاں چارٹرڈ اکاؤنٹنٹ کے دفاتر ہیں۔ اس چھاپے میں دس سے زائد اہلکاروں نے حصہ لیا۔ علاوہ ازیں سایاجی نگر میں راہل انٹرپرائزز، سینٹ اور اسٹیل ڈیلر کے دفاتر پر آئی ٹی اہلکاروں نے تین انیوا کرسٹا کاروں میں پہنچ کر چھاپے مارے۔ راہل انٹرپرائزز کی طرف سے آبپاشی محکمہ کے کنٹراکٹروں کو اسٹیل اور سیمنٹ فراہم کیا جاتا تھا۔ ذرائع نے بتایا کہ یڈیورپا کے پی اے امیش کے خلاف ٹیکس کی عدم ادائیگی کے الزامات ہیں۔ آج آئی ٹی کے چھاپوں کا نشانہ محکمہ آبی وسائل اور بڑی آبپاشی پروجیکٹوں کے کنٹراکٹروں کو بنایا گیا ہے۔ کرشنا بھاگیہ جل نیگم کے کنٹراکٹ میں بدعنوانی کے الزامات سنے جانے کے بعد یہ چھاپے مارے گئے ہیں۔ بتایا جاتا ہے کہ یڈیورپا کے پی اے امیش شیموگہ ضلع آنیکونڈ علاقہ کا باشندہ ہے، وہ ابتداء میں لیجسلیٹو رکن آنیکونڈ نمونہ تھا کا پی اے رہا تھا۔ 2012 سے یڈیورپا کا پی اے بنا، جب یڈیورپا وزیراعلیٰ بنے تو ان وقت امیش بی ایم ٹی سی میں بس کنڈکٹر اور ڈرائیور تھا، بیلونکا کے چیچے علی بی ایم ٹی سی بس ڈپو میں کام کرتا تھا۔ امیش کے گھر سے کئی دستاویزات آئی ٹی افسران نے ضبط کئے ہیں۔ یہ دستاویزات بڑی بوریوں میں بھر کر لے گئے۔ کنٹراکٹروں کے دفاتر اور مکانات پر چھاپے مارنے کے بعد وہاں سے بھی کثیر تعداد میں دستاویزات ضبط کی گئیں۔ بیدر کے ایک کنٹراکٹر سریش کناڈی کے خلاف بھی چھاپے مارے گئے۔ امیش کے پاس اس کی آمدنی سے زائد اثاثہ جات برآمد ہونے پر شدید حیرت ظاہر کی جارہی ہے۔

7 اکتوبر کو بنگلور کے کستوری نگر میں علی الصباح 5 منزلہ عمارت کے گرنے کا منظر.....(ایس این پی)

شہر کے کستوری نگر میں پانچ منزلہ عمارت گرگئی، کوئی جانی نقصان نہیں

امیش کے خلاف آئی ٹی چھاپے، یڈیورپا کا ردعمل

بنگلور: (ایس این پی) بنگلور میں حالیہ دنوں میں عمارتیں گرنے کے متعدد واقعات سامنے آئے ہیں، شہر کے لکسند راوڈ ائری سرکل میں دو منزلہ عمارتیں منہدم ہوئی تھیں، ان واقعات کے بعد حکومت اور بی بی ایم پی نے غفلت کی نیند چھوڑ کر خستہ حال عمارتوں کا سروے اور انہیں منہدم کرنے کی ہدایت دی تھی، جمعرات کی علی الصباح یہ عمارت گری ہے، گھر کے مکین جلد بھاگ کر باہر آگئے، شہر میں بی بی ایم پی نے 175 خستہ عمارتوں کی نشاندہی کر کے عمارتوں کے مالکین کو نوٹس جاری کیا ہے، یہ کام کو مکتوب لکھ کر ان عمارتوں کو بجلی کی تفصیل روکنے کی ہدایت دی گئی ہے۔ مالکین سے کہا گیا ہے کہ وہ خود ان عمارتوں کو منہدم کردیں۔ حکومت نے بی بی ایم پی سے کہا ہے کہ خستہ عمارتوں کے مالکین کو نوٹس دیا جائے، اگر ایسا نہیں کیا گیا تو بی بی ایم پی جوائنٹ کمشنر ہی کو قصوروار ٹھہرایا جائیگا۔ دوحان سودھا میں وزیر محصولات آر اشوک نے یہ بات کہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ خستہ حال عمارتوں کے بارے میں عوام بھی بی بی ایم پی کو فون کر کے اطلاع دے سکتے ہیں۔

بنگلور: (ایس این پی) بنگلور میں اپنے پی اے امیش اور متعدد تاجروں، صنعتکاروں، کنٹراکٹروں کے مکانات اور دفاتر پر پچاس سے زائد مکانات پر آئی ٹی چھاپوں کے تعلق سے پوچھے جانے پر سابق وزیراعلیٰ یڈیورپا نے کہا کہ جمعہ کے دن اس بارے میں انہیں تفصیلات ملیں گے، جس کے بعد ہی ردعمل ظاہر کرسکیں گے۔ انہوں نے کہا کہ کسی نے بھی غلطی کی ہو تو آئی ٹی افسران نہیں چھوڑیں گے، وہ قانون کے مطابق کارروائی کریں گے۔ یہ کوئی سیاسی اغراض پر مبنی آئی ٹی چھاپے نہیں ہیں، یڈیورپا کے بیٹے بی وائی راگھویندرا نے کہا کہ جمعرات کی صبح ہی سے آئی ٹی چھاپے مارے گئے ہیں۔ اس طرح کے چھاپے ملک کے دیگر علاقوں میں بھی مارے جاتے ہیں، اسی طرح یہاں بھی مارے گئے ہیں، جمعہ کے دن ان بارے میں امیش وضاحت پیش کریں گے، اور تفتیش کے بعد حالات سامنے آئیں گے، ان چھاپوں سے قومی انتخابات پر کوئی اثر نہیں پڑے گا۔

بنگلور کے بارش سے متاثرہ علاقوں میں درستگی کا کام جلد: بومئی

بنگلور (ایس این پی) وزیراعلیٰ بسواراج بومئی نے جمعرات کے دن کہا کہ بنگلور کے بارش زدہ علاقوں کی درستگی کیلئے حکومت تمام کارروائیاں کرے گی اور بارش ختم ہونے کے بعد شہر میں گڑھے پُر کئے جائیں گے۔ دسہرہ تقریبات میں شرکت کیلئے میسور میں آمد کے بعد وزیراعلیٰ نے کہا کہ بارش کے دنوں میں بنگلور شہر میں مسئلہ پیدا ہوتا ہے۔ نشیبی علاقوں میں پانی بھرجاتا ہے، تالابوں اور راج کالوے کے قریب کے رہائشی علاقے زیرآب آجاتے ہیں۔ بارش کے دوران درستگی اور راحت رسانی کا کام مشکل ہوتا ہے۔ میں نے بی بی ایم پی کمشنر کو متاثرہ علاقوں میں درستگی کا کام شروع کرکے ایک مستقل حل فراہم کرنے کی ہدایت دی ہے۔ بنگلور کے راستوں کی حالت کا جائزہ لینے کیلئے ایک ٹاسک فورس قائم کیا گیا ہے جس کی طرف سے راستوں کی تعمیر کی تاریخ، کتنی بار درستگی کی گئی اور کنٹراکٹر کون ہے اور دیگر تفصیلات طلب کی جائیں گی۔ اگر راستہ کا کام غیر معیاری معلوم ہوا تو کنٹراکٹر کے خلاف کاروائی کی جائے گی۔ راحت رسانی شروع کرنے کی فوری ضرورت ہے۔ گڑھے بھرنے کا کام معقول طریقہ سے کیا جائے گا۔ بارش کے دوران گڑھے نہیں بھرے جاسکتے۔ بارش ختم ہونے کے بعد تمام گڑھے بھرے جائیں گے، بنگلور میں آئی ٹی چھاپوں کے بارے میں پوچھے جانے پر وزیراعلیٰ نے کہا کہ انہیں اس بارے میں کوئی اطلاع نہیں ہے، انہوں نے کہا کہ سابق وزیر اعلیٰ یڈیورپا کے پی اے کہے جانے والے امیش نامی شخص کے علاوہ متعدد تاجروں، صنعتکاروں، کنٹراکٹروں اور چارٹرڈ اکاؤنٹنٹ کے دفاتر اور مکانات میں چھاپے مارے گئے، یہ چھاپے شاہکارنگر، بینگلورنگر، رام مندر اور دیگر جگہ مارے گئے ہیں۔

7 اکتوبر کو جونیئر ڈاکٹروں کی ریاست گیر ہڑتال کے موقع پر بنگلور کے وکٹوریہ اسپتال میں بھی جونیئر ڈاکٹر تنخواہوں میں اضافہ کے مطالبہ میں احتجاج کرتے ہوئے.....(تصویر: کے پی این)

مشکل دنوں میں آر ایس ایس نے نہیں، ہم نے آپ کی مدد کی تھی

بی جے پی لیڈر سی ٹی روی کو کمارسوامی کی یاددہانی، دیوے گوڑا اور آر ایس ایس کے تعلق سے وضاحت پیش

سی ٹی روی

بنگلور: (ایس این پی) سابق وزیر اعلیٰ ایچ ڈی کمارسوامی نے جنگلور کے بی جے پی لیڈر اور قومی بی جے پی کے جنرل سکریٹری سی ٹی روی کو یاد دلایا ہے کہ ان کے مشکل دنوں میں انہوں نے اس کی کس طرح مدد کی تھی۔ آر ایس ایس کے خلاف کمارسوامی کے بیان پر، جمعرات کی صبح سی ٹی روی نے ٹویٹر پیغام میں تنقید کی ہے اور آر ایس ایس کی سرکرمیوں کی وضاحت کرنے کی کوشش کی ہے۔ علاوہ ازیں یہ بھی کہا ہے کہ دیوے گوڑا نے بھی ایک مرتبہ آر ایس ایس کی تعریف کی تھی، اور کمارسوامی سے کہا ہے کہ وہ آر ایس ایس کے بارے میں دیوے گوڑا سے معلومات حاصل کریں۔ سی ٹی روی نے کہا ہے کہ اقرباء پروری، خاندانی سیاست، خودغرضی اپنانے والے لوگوں کو سنگھ پرپوار کے اصول سمجھ میں نہیں آتے، آر ایس ایس کی دیانتداری، دیش بھکتی، ایسے لوگوں کی خدمات جو مشکلات میں ہوں، یہ تمام باتیں ایچ ڈی کمارسوامی کی سمجھ میں نہیں آتی۔ سی ٹی روی کے ٹویٹر پیغام کے جواب میں کمارسوامی نے اپنا ٹویٹر پیغام جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ میرا جذبہ خدمات دیانتداری کے بارے میں پوچھنے والے سی ٹی روی کو معلوم ہونا چاہئے کہ آپ جب مشکلات میں تھے تو آپ کی مدد ہم نے کس طرح کی تھی، اس وقت آر ایس ایس سے آپ کی جماعت نے آپ کو نہیں بچایا تھا، ایچ ڈی کمارسوامی کے خلوص سے آپ نے فائدہ اٹھایا، یہ بات آپ اپنے ضمیر سے پوچھ لیں، آر ایس ایس کے بارے میں دیوے گوڑا سے معلوم کرنے کی بات کرنے کی بات پر کمارسوامی نے کہا کہ 1975 میں جن سنگھ بھی جنتا پارٹی کا حلیف تھا، اس وقت کے جن سنگھ لیڈروں کے ساتھ دیوے گوڑا نے اسٹیج پر شرکت کی تھی، اُمل بھاری واجپائی، ایل کے اڈوانی جو طرح دیوے گوڑا نے بھی آواز اٹھائی تو ایمرجنسی کے دوران ان کو بھی جیل جانا پڑا تھا، لیکن 1975 کی آر ایس ایس اور آج کی آر ایس ایس میں بہت بڑا فرق ہے۔ یہ بات آپ سے زیادہ دیوے گوڑا اچھی طرح جانتے ہیں۔ ایمرجنسی کے دوران صرف جن سنگھ ہی نہیں، دیگر کئی لیڈر جیل گئے ہیں، ایل کے اڈوانی بنگلور کے جیل میں رکھے گئے تھے، اس وقت اڈوانی کے ساتھ جو تبادلہ خیال ہوا تھا، اس کی بنیاد پر دیوے گوڑا نے مذکورہ بالا بیان دیا ہوگا۔ ایمرجنسی کے بعد آر ایس ایس کس طرح بدل گئی، دیوے گوڑا کو اچھی طرح معلوم ہے، میسور میں دیوے گوڑا نے جو بات کہی تھی۔

اس کو آج آپ رد بدل کر نہ بولیں۔ دیوے گوڑا نے بھی آر ایس ایس کو قبول نہیں کیا۔ اگر ایسا ہوتا تو وزیراعظم بننے کے وقت جب باگلکوٹ نے اپنی حمایت واپس لے لی تو اٹل بہاری واجپائی نے حمایت دینے کی پیش کش کی تھی، اس وقت دیوے گوڑا نے یہ حمایت قبول نہیں کی۔ یہ بات بھی قابل ذکر ہے کہ جب میں نے بی جے پی کے ساتھ مل کر حکومت بنائی تھی، تو دیوے گوڑا کی صحت گرگئی تھی، واضح رہے کہ سابق وزیراعلیٰ ایچ ڈی کمارسوامی نے پچھلے چند دنوں سے آر ایس ایس پر راست حملے کرنا شروع کردیئے ہیں، بالخصوص ہانگل اور سندگی کے ضمنی انتخابات کے اعلان کے بعد انہوں نے کہا ہے کہ آر ایس ایس کے خیالات اور جمہوری اقدار میں کافی فرق ہے۔

بی جے پی سے مایوس عوام ریاست میں تبدیلی کے خواہشمند: سلیم احمد

بنگلور: (ایس این پی) عوام بی جے پی حکومت سے مایوس ہوگئے ہیں، اس لئے تبدیلی لانا چاہتے ہیں، ہانگل اور سندگی حلقوں میں ہونے والے ضمنی انتخابات میں کانگریس پارٹی کو جیت کا پورا یقین ہے، کے پی سی سی کا کارگزار صدر سلیم احمد نے جمعرات کے دن ہبلی میں نامہ نگاروں سے بات چیت کرتے ہوئے یہ بیان دیا۔ انہوں نے کہا کہ ان انتخابات کے لئے نگران کاروں کا انتخاب کرنے کے لئے ہبلی میں پارٹی کی میٹنگ طلب کی گئی ہے، کانگریس امیدواروں کے بھاری اکثریت سے جیتنے کی امید ہے۔ بنگلور میں آئی ٹی چھاپوں کے بارے میں پوچھے جانے پر انہوں نے کہا کہ آئی ٹی چھاپوں کے بارے میں بی۔ جے پی والوں سے پوچھنا بہتر رہے گا۔ جے ڈی ایس پارٹی کی طرف سے اقلیتی مسلم امیدواروں کو ہانگل اور سندگی ضمنی انتخابات میں اتارے جانے پر پوچھا گیا تو انہوں نے کہا کہ جے ڈی ایس والے موقع پرستی کی سیاست کررہے ہیں۔ جے ڈی ایس کے پاس طاقات رہنے کے باوجود ووٹ تقسیم کرنے کی سازش کررہی ہے۔

ریاست میں 442 پازیٹیو معالات، 7 ہلاک

بنگلور: (ایس این پی) ریاست میں پچھلے 24 گھنٹوں میں 442 افراد کووڈ۔19 میں مبتلا پائے گئے، 7 افراد ہلاک ہوئے ہیں، ریاست میں کل متاثرین کی تعداد 29,79,773 ہوگئی، مہلوکین کی کل تعداد 37,861 ہوگئی، محکمہ خاندانی بہبود نے یہ اطلاع دی ہے۔ بنگلور میں آج 166 افراد کورونا میں مبتلا پائے گئے، شہر میں متاثرین کی کل تعداد 12,47,830 ہوگئی، 2 افراد ہلاک ہوئے۔ ریاست میں پازیٹیو معاملات کی شرح گھٹ کر 0.36 فیصد ہوگئی۔

کانگریس ووٹ بینک تقسیم کرنے کیلئے مسلم امیدوار نہیں اتارے: کمارسوامی

بنگلور: (ایس این پی) کانگریس ووٹ بینک تقسیم کرنے کے ارادے سے ہانگل اور سندگی ضمنی اسمبلی انتخابات میں اقلیتی امیدواروں کو جے ڈی ایس نے نہیں اتارا ہے، جے ڈی ایس کی طرف سے اقلیتی امیدوار اتارے جانے کے خلاف کانگریس اپنی تنقید کا سلسلہ جلد ختم کرے۔ جے ڈی ایس لیجس لیچر پارٹی لیڈر اور سابق وزیر اعلیٰ ایچ ڈی کمارسوامی نے یہ بات کہی ہے۔ ہاویری ضلع کے ہانگل اور وجیاپورہ ضلع کے سندگی اسمبلی حلقوں کے ضمنی انتخابات کیلئے جمعرات کے دن جے ڈی ایس امیدواروں نے کاغذات نامزدگی داخل کئے، وجیاپورہ کے سندگی اسمبلی حلقہ سے جمعرات کے دن جے ڈی ایس کی امیدوار نازیہ شکیل نے اپنے کاغذات کی نامزدگی پیش کئے، اس موقع پر ان کے ہمراہ ایچ ڈی کمارسوامی، بنڈیا کاشیور اور دیگر موجود تھے۔ کاغذات نامزدگی الکھورل انامور اور وجیاپورہ کے ڈپٹی کمشنر راہل سنڈے کے دفتر میں پیش کئے گئے۔ کمارسوامی نے بعدازاں نامہ نگاروں سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ کانگریس لیڈروں کا حقیقی رنگ ظاہر ہوگیا ہے، ان کی اکثریت نوازی کو سامنے لانے کے لئے ہم نے ان دونوں حلقوں میں مسلم امیدواروں کو اتارا ہے۔ ہمیں اس کے لئے کانگریس کی اجازت لینے کی ضرورت نہیں ہے۔ کانگریس والے الزام لگا رہے ہیں کہ بی جے پی اور آر ایس ایس سے خفیہ معاہدہ کرکے مسلم امیدواروں کو ہم نے اتارا ہے۔

Gulshan گلشن
A COMPLETE FAMILY SHOP
Exclusive Showroom for Brides & Grooms
• Suiting Shirtings • مردانہ ملبوسات سوٹنگ، شرٹنگ
• Sherwani, Kurta Pyjama • شیروانی، کرتہ، پیجامہ
• Prince Suit, • پرنس سوٹ، ریڈی میڈ سوٹس وغیرہ...
• Readymade Suit etc.
دولہا والے ہوں یا دولہن والے شادی بیاہ ہو یا تقاریب، مردانہ ملبوسات کے
علاوہ بچوں کے ریڈی میڈ گارمنٹس کے لئے ایک مکمل فیملی شاپ

ہمارے یہاں ڈیزائنر برقعہ کے علاوہ جدہ، عبرین، بودمی کے اپمورٹیڈ برقعے، ماسکارف، اسٹول اور پاکستانی چادریں اور شلوار قمیص وغیرہ مناسب دام پر دستیاب ہیں
برقعہ کوئنٹر
Fashion Bazaar فیشن بازار
بناری سلک ساڑیاں، کشمیری کام کی خوبصورت ساڑیاں، شلوار قمیص، گھاگرا چولی، لاچہ، شلوار سوٹ وغیرہ
فیشن سنٹر گولڈ کورنگ کے شاندار زیوارت
فیشن کارنر دولہا اور دولہن کے لئے تمام ساز و سامان

Innerwear, Panties, Underwear, Baniyans, Brassiers & Other Items
KIDS WEAR & JUST BORN
(Just Born) بچوں کے ریڈی میڈ ملبوسات کے علاوہ نوزائد بچے کے لئے بھی تمام ضروری چیزیں دستیاب ہیں
Reid & Taylor | LINEN CLUB MADE FOR THE DIFFERENT | The ARVIND STORE | Raymond
ارونا چلم ملدیار روڈ، نزد اسلامی بیت المال شادی محل، شیواجی نگر، بنگلور-51
No. 93, Arunachalam Mudaliar Road, (Opp. Islami Baithul Maal Shadi Mahal), Bangalore-51

بالکل نہ گھبرائیں، ڈینگو کا علاج کروائیں
Platelet کم ہونے پر فوری رابطہ کریں
انشاء اللہ صرف
تین سے پانچ دن میں مریض مکمل شفایاب
نہ ایڈمیشن نہ انجکشن نہ اور نہ ٹیسٹ
QASMI SHIFAKHANA قاسمی شفاخانہ TM
محکمہ سے گزارش کیجئے یونانی علاج کی سچائی کو
ہم خیال رکھتے ہیں آپ کی صحت کا
QASMI SHIFAKHANA
60, Ground floor, 3rd Cross, Khushal Nagar, Opp. KG Halli Police Station, Bangalore-45
9945839012 / 9448344458 (Only for Appointments)
9:30 am to 10:30 am
9:30 pm to 10:30 pm

جنسی کمزوری محسوس کرتے ہیں تو آج ہی حکیم قاسمی سے رابطہ کیجئے
رگوں کی کمزوری، تھکان، جوڑوں کا درد، خواہش کی کمی، جلد انزال، دھات کی بیماری، شادی سے گھبراہٹ، شوگر کی وجہ سے مردانہ کمزوری، احتلام اور جلق جیسی بری عادت کو دور کرکے خوشگوار لمحات کو محسوس کیجئے، دیر تک....
CONSULTATIONS WITH APPOINTMENTS ONLY
نوٹ اولاد کے خواہش مند ضرور ملیں
For Unani Treatment & Medicines
NAORANG DAWAKHANA
P&T Colony, Venkateshpuram, B'lore
9448344458 7899026988
31 Years of Excellence
NAORANG Health Center
Unani Healthcare & Hijamah
MM Road, Frazer Town, Bangalore
9845659012 9845310258